# آیت ”وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی“ کی تفسیر

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا ﴿وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی﴾ کا مطلب یہی ہے کہ تمہارا مستقبل تمہارے ماضی سے بہتر ہے؟ کیا یہ ہر مسلمان کے بارے میں نازل ہوئی ہے؟ اس آیت کی مکمل تفسیر بیان فرمادیں۔

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

﴿وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی﴾ اور بیشک تمہارے لیے ہر پچھلی گھڑی پہلی سے بہتر ہے۔ یہ آیتِ مبارکہ حضور نبی کریم صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے لیے نازل ہوئی، مفسرینِ کرام نے اس آیت کے متعدد معانی بیان کیے ہیں۔ اس آیت کا ایک معنی یہ بیان کیا ہے کہ اے حبیب صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم! بے شک تمہارے لیے آخرت دنیا سے بہتر ہے کیونکہ وہاں آپ کے لیے مقامِ محمود، حوضِ کوثر اور وہ بھلائی ہے جس کا وعدہ کیا گیا ہے، آپ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا تمام اَنبیاء ورُسُل علیہم السّلام پر مُقدّم ہونا، آپ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی اُمت کا تمام اُمتوں پر گواہ ہونا، آپ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی شفاعت سے مومنین کے مرتبے اور درجے بلند ہونا اور بے انتہا عزتیں اور کرامتیں ہیں جو بیان میں نہیں آسکتیں۔ نیز مفسرین نے اس آیت کے ایک معنی یہ بھی بیان فرمائے ہیں کہ آنے والے اَحوال آپ کے لیے گزشتہ سے بہتر و برتر ہیں گویا کہ حق تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ روز بروز آپ کے درجے بلند کرے گا اور عزت پر عزت اور منصب پر منصب زیادہ فرمائے گا اور ہر آنے والی گھڑی میں آپ کے مَراتب ترقیوں میں رہیں گے۔

تفسیرِ نسفی میں ہے: ”ای ما اعد اللہ لك في الآخرة من المقام المحمود والحوض المورود والخير الموعود خير مما اعجبك فی الدنیا“ یعنی جو اللہ پاک نے آپ کے لیے آخرت میں تیار فرمایا ہے جیسے مقامِ محمود، حوضِ کوثر اور وہ خیر و بھلائی جس کا وعدہ کیا گیا ہے جو اس خیر سے بہتر ہے جس کو آپ دنیا میں پسند فرماتے تھے۔ (تفسیر نسفی، 653/3- غرائب التفسیر و عجائب التاویل، 1354/2-فتاویٰ رضویہ، 165/30، 166 ملخصاً)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب :** مفتی ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

**تاریخ اجراء :** ماہنامہ فیضانِ مدینہ ستمبر2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net